تعارف وتبصرۂ کتب

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

(۱)

نام کتاب	:	اللہ کے ہاں حرام' بندوں کے ہاں آسان
مصنف	:	فضیلۃ الشیخ محمد صالح المنجد
مترجم	:	عبدالرشید بن عبدالرحمٰن
ضخامت	:	160 صفحات
قیمت	:	66 روپے
ناشر	:	نور اسلام اکیڈمی' پوسٹ بکس 5166 لاہور
ملنے کا پتہ	:	مکتبہ نور اسلام' رحمٰن مارکیٹ' غزنی سٹریٹ' اردو بازار لاہور

نور اسلام اکیڈمی ایک معروف اشاعتی ادارہ ہے جو کتابوں کو خوبصورت انداز میں شائع کرتا ہے۔ یہ ادارہ عام طور پر ممتاز اور مستند عرب مصنفین کی کتب کے تراجم شائع کرتا ہے جو ٹھوس اور صحت مند مندرجات پر مشتمل ہوتی ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔

یہ کتاب مشہور عرب سکالر فضیلۃ الشیخ محمد صالح المنجد کی تصنیف ''محرمات استھان بھا الناس یجب الحذر منھا'' کا اردو ترجمہ ہے جس میں بیشتر ایسی محرمات پر خبردار کیا گیا ہے جن کے ارتکاب کو معمولی سمجھا جاتا ہے۔ مثلاً غیر اللہ سے استمداد' کہانت' جادو' ریاکاری' حقوقِ والدین کی ادائیگی میں غفلت' بدشگونی' غیبت' جوا' سود' رشوت' گانا بجانا' چغلی' مصوری' پیشاب کے چھینٹوں سے پرہیز نہ کرنا' کسی مسلمان سے بول چال بند کرنا اور دوسروں کے گھروں میں جھانکنا وغیرہ۔

مصنف نے اس کتاب میں تفصیل سے اس بات کو واضح کیا ہے کہ کسی چیز کا حلال یا حرام ٹھہرانا صرف اللہ کا حق ہے۔ اسی لئے اس نے تمام مفید اور طیب چیزوں کو حلال